نام کتاب : خدا کہاں ہے ؟ مرتب : منشی عبدالرحمٰن خان

قیمت : ۲۱/- روپے

ملنے کا پتہ : ادارہ اشاعت علوم اسلامیہ چہلیک، ملتان شہر

اللہ تعالےٰ ساری کائنات کے خالق و مالک ہیں، ان کی نوع بنوع مخلوقات میں انسان اشرف المخلوقات ہے لیکن انسانوں کا ہی ایک بڑا طبقہ ایسا ہے جو اس کی ذات پاک کے وجود کا منکر ہے ، دہریت والحاد کا شکار ہے ۔ اس قسم کے لوگ زیادہ تر وہ ہیں جنہیں سائنسی دنیا میں بڑے بڑے تیر مارنے کا شرف حاصل ہے ۔ اور وہ آسمان سے تارے توڑنے کے مدعی ہیں اور بہت کچھ کے دعوے دار ۔ لیکن نہیں سمجھ آتا تو یہ مسئلہ کہ ہم کس کے بندے ہیں ؟

یہ کتاب جو ملتان کے متحرک اور فعال و سرگرم انسان منشی عبدالرحمٰن خان کے سلسلہ خزینہ بصیرت کی پہلی جلد ہے ۔ ۲۶۵ صفحات پر مشتمل اور خوبصورت ڈسٹ کور سے مزین ہے ۔ طباعت، کتابت اچھی ہے اور سب سے بڑھ کر اس کی معنویت کا سوال ہے کہ اس میں وہ نگارشات اکٹھی کی گئی ہیں جن سے معرفت ربانی کا دروازہ کھلتا اور عرفان حق کی دولت نصیب ہوتی ہے ۔ اس میں نقل و روایت کا سلسلہ کم ہے ۔ عقل و درایت کا سلسلہ زیادہ ، کیونکہ بنیادی طور پر اس کے مخاطب وہ عزیزانِ عصر ہیں جنہیں سائنسی اکتشافات نے الجھنوں میں مبتلا کر رکھا ہے ۔

تشکیک کا شکار حضرات انشاءاللہ تعالےٰ اس سے بہت ہی روشنی حاصل کریں گے اور اسلام و سائنس کی خود ساختہ لڑائی کی طرح ڈالنے والے بھی سمجھ سکیں گے کہ مسلمان سائنس کے دشمن نہیں اور یہ کہ وہ عقل کے پیچھے لٹھ لے کر کبھی نہیں پڑے اور یہ کہ اگر سائنس پر روحانیت کی چھاپ لگا دی جائے اور اسے روحانیت کا تابع رکھا جائے تو اس سے انسانیت کی زیادہ مفید خدمت ہو سکتی ہے ۔

●●●